# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 11 February-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۱؍فروری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::سرخیاں:::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ محکمۂ آبی وسائل کے نامکمل منصوبوں کی تکمیل کیلئے نابارڈ سے 15 ہزار کروڑ روپئے قرض لینے کی ریاستی کابینہ کی منظوری۔

☆ 23 فروری سے ریاستی اسمبلی کا بجٹ اجلاس؛ 6 مارچ کو بجٹ ہوگا پیش۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر کے میئر کے عہدے پر بی جے پی کے سمیر راجورکر اور ناندیڑ کے میئر کی حیثیت سے کویتا مُڑے کا انتخاب۔

☆ بارہویں کے امتحانات کا آغاز؛ کنڑ تعلقے میں اجتماعی نقل کے معاملے کا انکشاف۔

اور۔۔۔☆ ہنگولی میں 14 تا 16 فروری کے دوران وِدھی ناٹیہ مہوتسو کا انعقاد۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

محکمۂ آبی وسائل کے نامکمل منصوبوں کی تکمیل کیلئے قومی زرعی و دیہی ترقیاتی بینک یعنی نابارڈ سے 15 ہزار کروڑ روپئے کے طویل المدتی قرض لینے کو ریاستی کابینہ نے کل منظوری دے دی۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کابینی اجلاس کے بعد ممبئی میں صحیفہ نگاروں کو یہ اطلاع دی۔ اس اجلاس میں نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے اور نائب وزیرِ اعلیٰ سُنیترا اپوار بھی موجود تھیں۔ نامکمل 40 منصوبے اور 100 نالوں کا کام مکمل ہونے سے آٹھ لاکھ ایکڑ زمین زیرِ آبپاشی آسکے گی۔ وزیرِ اعلیٰ نے اس کابینی اجلاس میں کیے گئے فیصلوں سے متعلق تفصیلات پیش کرتے ہوئے بتایا کہ نئی ممبئی طیران گاہ سے قریب تیسری ممبئی کی تعمیر کیلئے ممبئی میٹروپولیٹن ریجنل ڈیولپمنٹ اتھاریٹی کو مختلف مراعات کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

پُرندر ہوائی اڈے کیلئے زمین کے حصول اور فنڈ جمع کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں عوامی اور خانگی شراکت داری (PPP) پالیسی 2026 کا اعلان کیا گیا۔

ریاست میں ''میرا گاؤں، صحت مند گاؤں'' مہم چلائی جائیگی۔ طرزِ زندگی اور غذا میں تبدیلی کی حوصلہ افزائی، احتیاطی اقدامات، بروقت علاج اور بازآبادکاری اس مہم کے چار اہم ستون ہوں گے۔ اس مہم کیلئے تقریباً 80 لاکھ کروڑ روپئے مختص کیے گئے ہیں۔ پربھنی ضلعے کے مانوت تعلقے میں واقع اندرانی امدادِ باہمی سوت گرنی کو سرکاری امداد دینے کی بھی کابینہ نے فیصلہ کیا گیا۔ ای میل کے ذریعے ارسال کردہ نوٹس کو قانونی حیثیت دینے کیلئے اراضی ریوینیو ایکٹ میں ترمیم کا فیصلہ کیا گیا۔

ریاستی سطح کی اسکولی سائنسی نمائش کے انعامات کی رقم میں اضافہ، اپّر ضلع کلکٹر کے 11 عہدے تخلیق کرنے اور عوامی یونیورسٹی اور خانگی پیشہ وارانہ تعلیمی اداروں کے قوانین میں ترمیم کو بھی کابینہ نے منظوری دی۔

***** ***** *****

ریاستی مقنّنہ کا بجٹ اجلاس 23 فروری تا 25 مارچ کے دوران ہوگا اور ریاستی سالانہ بجٹ 6 مارچ کو پیش کیا جائے گا۔ اسمبلی کی کام کاج مشاورتی کمیٹی کا اجلاس کل ممبئی میں ودھان بھون میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں اسمبلی اسپیکر راہل نارویکر' قانون ساز کونسل کے چیئرمین رام شندے' وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس' نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے اور نائب وزیرِ اعلیٰ سُنیترا پوار نے بھی شرکت کی۔

***** ***** *****

لوک سبھا کے کام کاج میں تعطل کل ختم ہوا اور سالانہ عام بجٹ پر ایوان میں بحث کا آغاز ہوا۔ کانگریس کے رکنِ پارلیمان ششی تھرور نے اس بحث کا آغاز کیا۔ راجیہ سبھا میں بھی بجٹ پر بحث میں شیوسینا کے ملند دیورا نے حصہ لیا۔

***** ***** *****

لوک سبھا میں حزبِ اختلاف نے اسپیکر اوم برلا کے خلاف تحریکِ عدم اعتماد پیش کی ہے۔ اس تحریکِ عدم اعتماد پر کانگریس' ڈی ایم کے' سماج وادی پارٹی' راشٹریہ جنتا دَل اور بائیں بازو کی جماعتوں کے ارکان نے دستخط کیے۔ تاہم' ترنمول کانگریس کے ارکان نے اس نوٹس پر دستخط نہیں کیے۔ اسی دوران تحریکِ عدم اعتماد پر فیصلہ ہونے تک ایوان میں نہ جانے کا فیصلہ اسپیکر اوم برلا نے کیا ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے سابق وزیر اور راشٹروادی کانگریس کے رہنماء بابا صدیقی کے قتل کے معاملے میں ممبئی کی خصوصی موکا عدالت نے 27 ملزمان کے خلاف فردِ جرم عائد کردی ہے۔ سال 2024 میں بابا صدیقی کو ممبئی کے باندرہ علاقے میں تین مسلح حملہ آوروں نے فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا۔ اس واردات کے سلسلے میں پولس نے 27 ملزموں کے خلاف فردِ جرم پیش کی ہے۔ بدنام زمانہ غنڈے لارنس بشنوئی کے بھائی انمول بشنوئی کو مفرور ملزم قرار دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے میئر کے عہدے پر بی جے پی کے سمیر راجورکر کا انتخاب عمل میں آیا ہے۔ پریسائیڈنگ افسر اور ضلع کلکٹر دلیپ سوامی کی موجودگی میں کل یہ انتخاب ہوا۔ جس میں راجورکر کو 70 ووٹ ملے' جبکہ ایم آئی ایم کے امیدوار اشوک ہیوراڑے کو 33 ووٹ ملے۔ ونچت بہوجن آگھاڑی اور شیوسینا اُدھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے کارپوریٹرز اس ووٹنگ میں غیر جانبدار رہے۔ ڈپٹی میئر کے عہدے پر شیوسینا کے راجندر جنجاڑ منتخب ہوئے۔

***** ***** *****

ناندیڑ میونسپل کارپوریشن کے میئر کے عہدے پر بی جے پی کی کویتا مڑے منتخب ہوئیں۔ انھیں کُل 81 میں سے 50 ووٹ ملے۔ ایم آئی ایم کی اشونی دھونگڑے نے 14 اور کانگریس وونچت بہوجن آگھاڑی کی نامزد امیدوار مہہ جبین عبدالفہیم کو 15 ووٹ ملے۔ ڈپٹی میئر کے عہدے پر بی جے پی کے دیپک سنگھ راوَت کا انتخاب عمل میں آیا۔ ان انتخابات میں شیوسینا کے چار اور ایک آزاد کارپوریٹر نے بھی بی جے پی کو ووٹ دیا، جبکہ راشٹروادی کانگریس کے دو کارپوریٹرز غیر جانبدار رہے۔

***** ***** *****

چندر پور میونسپل کارپوریشن میں حصولِ اقتدار کیلئے بی جے پی اور شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے درمیان اتحاد دیکھنے میں آیا۔ میئر کے عہدے پر بی جے پی کی سنگیتا کھانڈیکر اور ڈپٹی میئر کے عہدے کیلئے اُدّھو ٹھاکرے گروپ کے پرشانت دانو نے فتح حاصل کی۔ 66 ارکان پر مشتمل اس کارپوریشن میں کانگریس نے سب سے زیادہ 27، بی جے پی نے 23، اور شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی نے 6 نشستیں حاصل کی تھیں۔ میئر کے عہدے کے انتخاب کے دوران ونچت بہوجن آگھاڑی کے دو کارپوریٹر غیر حاضر رہے، جبکہ ایم آئی ایم کا ایک رُکن غیر جانبدار رہا۔

***** ***** *****

ریاستی ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ کے بارہویں کے امتحانات کا کل سے آغاز ہوا۔ ان امتحانات کیلئے ریاست کے کُل 15 لاکھ 32 ہزار 487 طلبہ نے رجسٹریشن کیا ہے۔ 18 مارچ تک ریاست کے 9 ڈویژنل بورڈ میں یہ امتحانات جاری رہیں گے۔

چھترپتی سمبھا جی نگر ڈویژن میں چھترپتی سمبھا جی نگر، جالنہ، بیڑ، پربھنی اور ہنگولی ان پانچ اضلاع میں مجموعی طور پر 454 امتحانی مراکز پر ایک لاکھ 90 ہزار 592 طلبہ امتحانات میں حصہ لے رہے ہیں۔ بیڑ ضلع میں 45 ہزار طلبہ بارہویں کا امتحان دے رہے ہیں۔ یہاں امتحانی مراکز پر سی سی ٹی وی اور ڈرون کے ذریعے نظر رکھی جا رہی ہے۔

لاتور ضلع میں 101 مراکز پر یہ امتحان ہو رہے ہیں اور ہر مرکز پر افسران کی سہ رُکنی مستقل ٹیم تعینات کی گئی ہے۔ پربھنی ضلع میں نقل سے پاک ماحول فراہم کرنے کیلئے انتظامیہ، محکمۂ تعلیم اور پولس محکمے نے ضروری اقدامات کیے ہیں۔ پربھنی کے ضلع کلکٹر سنجئے سنگھ چوہان نے شہر کے امتحانی مراکز کا دورہ کر کے ضروری ہدایات جاری کیں۔

دریں اثناء چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع میں کنڑ تعلقے کے جیتا پور میں راشٹریہ کنشٹھ مہاوِدیالیہ میں اجتماعی نقل کے واقعے کا انکشاف ہوا۔ سی سی ٹی وی کے ذریعے امتحانی مرکز کے طلبہ نقل کرتے ہوئے نظر آئے۔ اس معاملے میں امتحانی مرکز کے انچارج اور سپروائزر سمیت متعلقہ افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ اس مرکز پر تعینات ملازمین کو فوری طور پر تبدیل کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں جاری خبروں میں بتایا گیا ہے کہ طلبہ کے خلاف کارروائی کا فیصلہ تعلیمی بورڈ کرے گا۔

***** ***** *****

ہنگولی میں 14 تا 16 فروری 2026 کے دوران وِدھی ناٹیہ مہوتسو کا انعقاد کیا گیا ہے۔ شیواجی راؤ دیشمکھ آڈیٹوریم میں ہونے والے اس مہوتسو میں مختلف فنون کا مظاہرہ کیا جائے گا

***** ***** *****

توانائی کے تحفظ کے شعبے میں گرانقدر کارکردگی پر لاتور کی ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے کو 25-2024 کا توانائی تحفظ ایوارڈ دیا گیا۔ لاتور ضلع کو گذشتہ تین برسوں میں ملنے والا یہ آٹھواں ریاستی سطح کا ایوارڈ ہے۔

***** ***** *****

ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں کل نیدرلینڈ نے نمیبیا کو، نیوزی لینڈ نے متحدہ عرب امارات کو اور پاکستان نے امریکہ کو شکست دے دی۔ ٹورنامنٹ میں آج جنوبی افریقہ کا مقابلہ افغانستان سے، آسٹریلیاء کا آئرلینڈ سے اور ممبئی میں انگلینڈ کا مقابلہ ویسٹ انڈیز سے ہوگا۔

***** ***** *****

بھارت نے 272 گیگا واٹ قابلِ تجدید توانائی کی صلاحیت حاصل کر لی ہے۔ مرکزی وزیر برائے غیر روایتی توانائی پرلہاد جوشی نے کل راجیہ سبھا کو بتایا کہ گذشتہ نومبر تک ملک میں 21 گرین ہائیڈروجن منصوبے بھی شروع کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**اورآخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

- ☆ محکمۂ آبی وسائل کے نامکمل منصوبوں کی تکمیل کیلئے نابارڈ سے 15 ہزار کروڑ روپئے قرض لینے کی ریاستی کابینہ کی منظوری۔
- ☆ 23 فروری سے ریاستی اسمبلی کا بجٹ اجلاس؛ 6 مارچ کو بجٹ ہوگا پیش۔
- ☆ چھترپتی سمبھا جی نگر کے میئر کے عہدے پر بی جے پی کے سمیر راجور کر اور ناندیڑ کے میئر کی حیثیت سے کویتا مُڑے کا انتخاب۔
- ☆ بارہویں کے امتحانات کا آغاز؛ کنڑ تعلقے میں اجتماعی نقل کے معاملے کا انکشاف۔

اور۔۔۔☆ ہنگولی میں 14 تا 16 فروری کے دوران وِدھی ناٹیہ مہوتسو کا انعقاد۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****